26اپریل2023ء

29اور30اپریل2023ء کو سرکاری ڈیوٹیوں / ٹیکسوں کی وصولی

ٹیکس دہندگان کو سرکاری ڈیوٹیوں / ٹیکسوں کی ادائیگی میں سہولت دینے کی غرض سے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی درخواست پر فیصلہ کیا گیا ہے کہ **بینکوں کی وہ تمام برانچیں جو ہفتے کو کھلی رہتی ہیں**، بشمول نیشنل بینک آف پاکستان کی مجاز برانچیں اور ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی بی ایس سی) کے فیلڈ دفاتر اے ڈی سی کی اوور دی کاؤنٹر سہولت (او ٹی سی) کے ذریعے حکومتی ٹیکسوں کی وصولی کے لیے **29اور30اپریل2023ء(ہفتہ اور اتوار)** کو توسیع شدہ بینکاری اوقات میں **شام 6.00 بجے تک** کھلی رہیں گی۔

میسرز نفٹ(NIFT) **29اپریل2023ء(ہفتہ) کو دوپہر 1:00 بجے اور 30اپریل2023ء(اتوار) کو شام 6:00 بجے خصوصی کلیئرنگ** کا اہتمام کرے گا تاکہ کسٹمز کی وصولیوں کے لیے نیشنل بینک آف پاکستان کی مجاز برانچوں میں جمع شدہ ادائیگی کے تمسکات (instruments) کی اسی دن کلیئرنگ / سیٹلمنٹ کو یقینی بنایا جاسکے۔ لہٰذا، اس مقصد کے لیے **تمام بینک** اپنی کلیئرنگ سے متعلق برانچوں کو اس وقت تک کھلا رکھیں گے جو بالترتیب **29اور30اپریل2023ء** کو نفٹ کی جانب سے خصوصی کلیئرنگ میں سہولت دینے کے لیے ضروری ہے۔

*****